خاتونِ اوّل

لورا بش

خاتون اوّل لورا بش دورہ ہند پر صدر جارج ڈبلیو بش کے ساتھ پہنچیں۔ انہوں نے بچوں، خواتین اور کٹھ پتلیوں کے ساتھ ملاقاتیں کیں، ہنسیں، مسکرائیں اور نمستے کہا۔ مسز لورا بش نے (اوپر بائیں) جیون جیوتی اسکول کے بچہ فنکاروں کے ساتھ تصویر کھنچوائی اور (بائیں) ایک حیدر آبادی خاتون سوگونا نے خاتون اول کو آچاریہ این جی رانگا ایگری کلچرل یونیورسٹی میں خواتین کو تفویض اختیارات سے متعلق منصوبوں کے ایک مظاہرے کے دوران ''گاواچیز'' بنانا سکھایا۔

(اوپر) انہوں نے نوئیڈا، اتر پردیش میں بچوں کے ایک ٹی وی شو سیسمی اسٹریٹ کی نئی ہندوستانی شکل کی ایک قسط بھی ٹیپ کرائی۔ انہوں نے پریاس انسٹی ٹیوٹ میں طالبات سے ملاقات کی اور کٹھ پتلیاں دیکھیں۔ پریاس انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی میں ہے، جہاں نظر انداز کئے گئے، ظلم کے شکار اور بے گھر بچوں کی تعلیم و تربیت اور دیکھ بھال کا انتظام ہے۔ (بالکل نیچے)